# کیا آپ اپنی ڈینش زبان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے خواہشمند ہیں ؟

URDU




یہ معلوم کریں کہ تارکین وطن کے لیے ڈینش زبان کی کس قسم کی تعلیم کی پیشکش کی جاتی ہے.

2017

DANMARKS STÆRKESTE FAGFORENING



# پیش لفظ

اپنی روزمرہ زندگی میں جن لوگوں سے ہمارا واسطہ پڑتا ہے اُن کے ساتھ تبادلہ خیال کرنے کے قابل ہونا ہم سب کی ضرورت ہے ۔ جبکہ آپ ڈنمارک میں مقیم ہیں اور کام کی جگہ اور معاشرہ میں کامیابی سے گذر اوقات کرنا چاہتے ہیں تو ڈینش کو سمجھنا اور بولنا فائدہ مند ہو گا۔

اسی بات کو مدنظر رکھتے ہوئے ہم نے ڈینش کے علاوہ دیگر تہذیبی و ثقافتی پسِ منظر کے حامل اپنے 3F کے تقریباً 45.000 اراکین کے لیے یہ کتابچہ تیار کیا ہے۔ یہ ڈنمارک میں رہنے والے تارکین وطن کے لئے دستیاب ڈینش زبان کی تعلیم کا ایک عمومی جائزہ پیش کرتا ہے۔

مجھے اُمید ہے کہ اس سے آپ کو تحریک ملے گی اور آپ وہ پیش کش تلاش کر لیں گے جو آپ کی ضروریات سے مطابقت رکھتی ہو۔ جیسا کہ ایک دفعہ ہمارے ایک رکن نے کہا تھا، ”میرے لیے سب سے بڑا چیلنج ڈینش زبان ہے، لیکن اس کا واحد حل اسے سیکھنا ہے“۔ زبان دوسرے لوگوں سے میل ملاپ کی کنجی ہے۔

سورین ہیسل **(Søren Heisel)**
3F کا جنرل سیکرٹری
ذمہ دار برائے بازارِ روزگار ، تعلیم و تربیت اور انٹیگریشن

یہ کتابچہ اُن لوگوں کے لیے دستیاب کورسز کو بیان کرتا ہے جو ملازمت کرتے ہیں۔ بے روزگار لوگ ڈینش زبان کے مختلف کورسز میں شرکت کے مواقع کے متعلق معلومات کے لیے جاب سینٹر اور اے کھیسہ سے بات کریں۔

## آپ کو اپنی ضروریات کے مطابق ڈینش زبان کا کورس کہاں مل سکتا ہے ؟

تارکین وطن کے لیے کئی سکول ڈینش زبان کے کورسز کی پیشکش کرتے ہیں۔ ہر کلاس دوسری کلاس سے قدرے مختلف ہدف کے لیے ہوتی ہے۔ لہٰذا ڈینش زبان کی تعلیم کا انحصار اس بات پہ ہے کہ وہ کس سطح پر پڑھائی جا رہی ہے۔

## آپ اس وقت کتنی ڈینش زبان جانتے ہیں؟

ڈینش زبان کا کوئی کورس شروع کرنے سے پہلے آپ کو ایک چھوٹا سا ٹیسٹ دینا ہوتا ہے تا کہ یہ جائزہ لیا جا سکے کہ آپ پہلے سے کتنی ڈینش زبان جانتے ہیں۔ اسے ایک ٹیسٹ ، سکریننگ یا انفرادی قابلیت کا جائزہ کا نام دیا جا سکتا ہے ۔ مقصد ایک ہی ہوتا ہے: یہ یقینی بنانا کہ آپ کو ڈینش زبان کا ایسا کورس ملے جو آپ کے لئے اور آپ کی ضروریات سے مکمل مطابقت رکھتا ہو۔

## تارکین وطن کے لیے مختلف سکولوں کے ڈینش زبان کے کورسز کا ایک عمومی جائزہ

- بلدیہ میں ڈینش زبان کے مراکز جن میں بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش تعلیم (تعارفی ڈینش) بھی شامل ہے۔
- تعلیم بالغاں کی تیاری کا کورس (FVU)۔ عمومی طور پہ اس تعلیم کے لیے مراکز برائے تعلیم بالغاں (VUC) ذمہ دار ہوتے ہیں۔ یہ FVU آغاز اور FVU دوزبانیں بولنے والوں کے لیے تعلیم کی صورت میں دستیاب ہیں۔
- ڈینش میں AMU کورسز پیشہ ورانہ سکولوں میں ڈینش بطور دوسری زبان کی تعلیم دی جاتی ہے۔ یہاں پر آپ کو دونوں کورسز ملیں گے یعنی خالصتاً ڈینش زبان کی تعلیم اور ایسے کورسز جو ڈینش زبان کی تعلیم اور پیشہ ور AMU کورسز کا ملاپ ہیں۔
- بالغوں کے لیے عمومی تعلیم AVU۔ اس کے لیے عام طور پر تعلیم بالغاں کے مراکز VUC ذمہ دار ہیں۔ ڈینش زبان کی تعلیم AVU کو کئی مراحل میں ترتیب دیا گیا ہے۔ تاہم ان میں مشترک بات یہ ہے کہ یہ تمام مراحل اعلیٰ سطح پر پڑھائے جاتے ہیں۔

## معیشت

جب آپ مختلف کورسز میں حصّہ لیتے ہیں تو ہر کورس کی معاشی صورت حال مختلف ہوتی ہے۔ کچھ کورسز کے لیے ٹیوشن فیس ہے جبکہ دوسرے مفت ہیں۔ زیادہ تر کورسز کے لیے ایک الاؤنس حاصل کیا جا سکتا ہے۔

مزید معلومات یہاں سے حاصل کریں

www.ug.dk

www.3fuddannelsesnyt.dk

www.svu.dk

www.veug.dk

---

آپ ہمیشہ اپنی 3F کی مقامی برانچ سے مدد طلب کر سکتے ہیں، جو آپ کی درست سمت میں رہنمائی کر سکتے ہیں ۔

# بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم (تعارفی ڈینش)

**بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم کے ٹارگٹ گروپ:**

بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم مندرجہ ذیل لوگوں کے لیے ہے

- آپ جو ابھی ڈنمارک میں آئے ہیں اور ڈنمارک میں ملازمت کرتے ہیں
- آپ جو اپنے شریک حیات کے ہمراہ ہیں
- آپ جو EU کے باشندے ہیں اور باقاعدگی سے سرحد کے آرپار سفر کرتے ہیں

بلدیہ اس تعلیم کی پیشکش کرنے کی ذمہ دار ہے۔

اس کورس میں عمومی ڈینش زبان، کاروباری نوعیت اور کام سے متعلقہ زبان شامل ہوتی ہے، جو کام کے طرز عمل، کام کے ماحول اور تحفظ پر مرتکز ہوتی ہے۔

یہ کورس 250 گھنٹے ڈینش زبان کی تعلیم پر مشتمل ہے، اسے پانچ ماڈیولز میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر ایک ماڈیول 50 گھنٹے کا ہے۔ انہیں ڈیڑھ سال میں مکمل کرنا لازمی ہے۔

جب آپ ڈیڑھ سال میں 250 گھنٹے مکمل کر لیں گے تو آپ ایک ماڈیول کا ٹیسٹ دے سکتے ہیں۔


## بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم کہاں منعقد ہوتی ہے؟

یہ کورس عام طور پر زبان کے کسی مرکز میں منعقد ہوتا ہے، تاہم دیگر مقامات پر بھی تعلیم دی جا سکتی ہے مثلاً آپ کے کام کی جگہ پر یا آپ کی مقامی 3F برانچ میں ۔

## معیشت

یہ تعلیم مفت ہے اور اگر آپ شرائط پر پورے اُترتے ہیں تو آپ تعلیم بالغاں کی سرکاری معاشی معاونت ایس وی یُو (SVU) حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے آغاز سے پہلے SVU کے لیے درخواست دینا ضروری ہے ۔







"اپنا ڈینش زبان کا کورس کرنے کے بعد میں ڈینش نظام کو بہتر طرح سمجھنے کے قابل ہو گئی ہوں۔ اب میں اپنے ساتھیوں کو بازارِ روزگار میں اپنے حقوق کے متعلق ڈینش میں بتاتی ہوں۔ وہ اس بات پر بہت خوش ہیں"۔

فیروٹا لارسن (Firuta Larsen)، رومانیہ میں پیدا ہوئی ، Rigshospitalet میں سروس اسسٹنٹ ہے۔



# ڈینش زبان کی تعلیمات

ڈینش زبان کے کورسز کے ٹارگٹ گروپ:

- آپ جو نئے آنے والے پناہ گزین ہیں
- آپ جو اپنے خاندان کے ساتھ یکجائی کے لیے آئے ہیں
- آپ جنہوں نے بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کا کورس مکمل کر لیا ہے

بلدیہ اس تعلیم کی پیشکش کرنے کی ذمہ دار ہے۔
ڈینش تعلیم کے ذریعہ آپ ڈینش زبان سمجھنا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا سیکھتے ہیں ۔ اس تعلیم میں ڈنمارک کی ثقافت اور سماجی حالات کا علم ایک مرکزی حیثیت رکھتا ہے، جس میں ڈینش بازارِ روزگار ، تعلیمی مواقع اور جمہوریت کا بنیادی تعارف شامل ہے۔

ایسی تین ڈینش تعلیمات ہیں جن کی سطحات مختلف ہیں ۔ قابلیت کی جانچ کے بعد آپ کو اُس ڈینش کورس اور ماڈیول میں رکھا جاتا ہے جو آپ کی ضروریات سے ہم آہنگ ہو۔
جب آپ ڈینش تعلیم مکمل کر لیتے ہیں تو پھر آپ اگلی کلاس میں جانے کے قابل ہو جاتے ہیں۔

آپ ڈنمارک میں آمد کے پہلے پانچ سال کے اندرڈینش زبان کی تعلیم حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ اس کا مطلب یہ بھی ہے کہ آپ کوتعلیم کے درمیان وقفے لینے کی اجازت ہے۔ آپ جنہوں نے بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم (تعارفی ڈینش) مکمل کر لی ہو تو آپ ڈینش زبان کی تین سالہ تعلیم کا حق رکھتے ہیں ۔

**ڈینش زبان کی تعلیم کہاں منعقد ہوتی ہے؟**

یہ کورس عام طور پر زبان کے کسی مرکز میں منعقد ہوتا ہے، تاہم دیگر مقامات پر بھی تعلیم دی جا سکتی ہے مثلاً آپ کے کام کی جگہ پر یا آپ کی مقامی 3F برانچ میں ۔

**معیشت**

آپ کے لئے یہ تعلیم مفت ہے اور اگر آپ شرائط پر پورے اُترتے ہیں تو آپ تعلیم بالغاں کی سرکاری معاشی معاونت ایس وی اُو (SVU) حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے آغاز سے پہلے SVU کے لیے درخواست دینا ضروری ہے ۔

## ڈینش1

کورس آپ کے لیے ہے جو اپنی مادری زبان نہ پڑھ لکھ سکتے ہوں اس تعلیم کا مقصد یہ ہے کہ ڈینش زبان بولنے کی بنیادی صلاحیت، پڑھنے اور لکھنے کی صلاحیت بھی حاصل کی جائے۔ ڈینش تعلیم 1 کو چھ ماڈیولز میں تقسیم کی گیا ہے۔

## ڈینش تعلیم 2

آپ کے لیے ہے جنہوں نے اپنے ملک میں مختصر عرصے کے لیے تعلیم حاصل کی ہو۔
اس کورس کا مقصد ڈینش زبان سمجھنے، بولنے اور پڑھنے کے قابل ہونا ہے ۔ ڈینش تعلیم 2 کو چھ ماڈیولز میں تقسیم کی گیا ہے۔

## ڈینش تعلیم 3

آپ کے لیے ہے جنہوں نے اپنے ملک میں درمیانے یا طویل عرصے کے لیے تعلیم حاصل کی ہو۔ یہ تعلیم کسی پیشہ ورانہ سکول یا گمنیزیم کی تعلیم یا اعلیٰ تعلیم ہو سکتی ہے۔ ڈینش تعلیم 3 کو چھ ماڈیولز میں تقسیم کی گیا ہے۔



# تعلیم بالغاں کی تیاری کی تعلیم ایف وی اُو - (FVU)

## FVU اور تارکین وطن کے لیے ڈینش کی تعلیم

FVU کي طرف سے تارکین وطن کے لیے ڈینش تعلیم کی دو قسموں کی پیشکش کی جاتی ہے - FVU آغاز اور FVU دو لسّانوں کے لئے پڑھائی۔

## FVU آغاز

یہ مضمون بالغ تارکین کو مخاطب کرتا ہے، جنہیں ڈینش میں ابلاغ کے لئے اپنی زبانی مہارت کو توانا بنانے کی ضرورت محسوس ہوتی ہو یعنی ان کا الفاظ کا علم۔

FVU ڈینش تعلیم کم از کم 30 اور زیادہ سے زیادہ 60 اسباق پہ مشتمل ہے، فی سبق 60 منٹ ہے۔

## دو لسّانوں کے لیے FVU پڑھائی

دولسّان شرکا کو FVU پڑھائی کے مراحل 1,2 نیز 3 اور 4 کی پیش کش کی جاتی ہے بشمول دیگرے یہ خصوصی طور پہ مرتب دورانیوں کی شکل میں ہوتے ہیں ۔دولسّان شرکا کے لئے پڑھائی کا ایک کورس کم از کم 60اور زیادہ سے زیادہ تعلیمی 80اسباق پہ مشتمل ہوتا ہے، جبکہ ہر سبق 45 منٹوں کا ہے۔

## FVU کہاں منعقد ہوتا ہے؟

یہ تعلیم عام طور پر VUC تعلیم بالغاں کے مراکز میں دی جاتی ہے۔ تاہم دیگر مقامات پر بھی تعلیم دی جا سکتی ہے مثلاً آپ کی مقامی3F برانچ میں ۔

## معیشت

آپ کے لئے یہ تعلیم مفت ہے اور اگر آپ شرائط پر پورے اُترتے ہیں تو آپ تعلیم بالغاں کی سرکاری معاشی معاونت ایس وی اُو (SVU) حاصل کر سکتے ہیں۔کورس کے آغاز سے پہلے SVU کے لیے درخواست دینا ضروری ہے ۔



“اپنا ڈینش زبان کا کورس کرنے کے بعد نہ صرف میں ڈینش زبان پڑھنے اور لکھنے میں بہتر ہوئی ہوں، بلکہ اب میں اپنے ساتھیوں اور مینیجروں کے ساتھ بہت بہتر طریقے سے تبادلہ خیال کر سکتی ہوں۔ اس سے یہ ہوا ہے کہ کام پر جانا زیادہ پُر لطف محسوس ہوتا ہے۔”

برنا ڈیٹہ تھریسو (Bernadeta Thrysøe) پولینڈ میں پیدا ہوئی ، بلدیہ البورگ (Aalborg) میں صفائی کی ٹیکنیشن ہے۔

# بازارِ روزگار کی تعلیم
# اے ایم اُو- (AMU)

AMU کے ڈینش زبان کے کورس کی پیشکش کو " پناہ گزینوں اور تارکین وطن کے لئے ڈینش بطور دوسری زبان " کہا جاتا ہے۔ اس کی تین سطیں ہیں اور ہر سطح 40 دن کی ہو سکتی ہے۔ اس میں زبان سے متعلقہ خصوصی مقاصد ہوتے ہیں اور پڑھائی میں پیشہ ورانہ طریق کار اپنایا جاتا ہے جس کا انحصار اُس صنعت پر ہوتا ہے جس میں آپ کام کرتے ہیں۔

AMU کے ڈینش زبان کے کورسز کو جداگانہ طور سے مکمل کیا جاسکتا ہے اورپیشہ ورانہ AMU کورسز کے ساتھ ڈینش زبان کی تعلیم کو ملاکر بھی کیا جاسکتا ہے۔

ان کورسز کو لچکدارانہ طرح سے مرتب کیا جاتا ہے ، بشمول دیگرے انہیں جزوقتی تعلیم کے طور پر زیادہ طویل عرصے پر پھیلا کر مکمل کیا جا سکتا ہے۔



**اے ایم اُو AMU ڈینش زبان کے کورس کہاں منعقد ہوتے ہیں؟**

یہ کورس عام طور پر کسی دستکاری سکول میں منعقد ہوتا ہے، تاہم دیگر مقامات پر بھی اسکی تعلیم دی جاسکتی ہے مثلاً آپ کی مقامی3F برانچ میں ۔

**معیشت**

آپ موجودہ ضوابط کے تحت VEU الاؤنس حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کورس کے ختم ہونے کے بعد VEU کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

اگر AMU کی تعلیم آپ کے کام کے اوقات میں دی جاتی ہے تو 2017 میں آپ کو 679,20 کرونر یومیہ / 3.396 فی ہفتہ الاؤنس ملے گا۔

AMUکے ڈینش زبان کے کورسز میں شرکاء ادائیگی کرتے ہیں ۔

جو کہ 2017 میں 184 کرونر یومیہ / 920 کرونر فی ہفتہ ہے۔



# AMU کے تین سطحات :

**بنیادی سطح:** اس کے لیے ڈینش زبان کی اس سطح کی صلاحیتوں کی ضرورت ہے جو کم از کم ڈینش زبان کے ٹیسٹ 1 کے برابر ہوں

**عمومی سطح:** اس کے لیے ڈینش زبان کی اس سطح کی صلاحیتوں کی ضرورت ہے جو زیادہ تر ڈینش زبان کے ٹیسٹ 2 کے برابر ہوں

**اضافی سطح:** اس کے لیے ڈینش زبان کی اس سطح کی صلاحیتوں کی ضرورت ہے جو کم از کم ڈینش زبان کے ٹیسٹ 2 کے برابر ہوں



# بالغوں کے لیے عمومی تعلیم
# اے وی اُو (AVU)

AVU کی طرف سے تارکین وطن کے لئے ڈینش زبان کی تعلیم کی پیشکش کو "ڈینش بطور دوسری زبان" کہا جاتا ہے، اوراسے کئی سطحوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

اس سلسلہ میں پہلا کورس AVU کورس "ڈینش بطور دوسری زبان-بنیادی سطح ہے"۔ اس کا مقصد یہ ہے کہ آپ بنیادی صلاحیتوں کو اجاگر کیا جائے تا کہ آپ اگلے درجہ کے کورس "ڈینش بطور دوسری زبان" سطح G میں شرکت کے قابل ہو جائیں۔

اس کورس کا ہدف وہ لوگ ہیں جو کسی ڈینش پیشہ ورانہ درجہ کے حامل ہیں جو ڈینش زبان کے سکول میں اختتامی درجہ 3 سے کم ہے، لیکن جن لوگوں سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ کورس کے 140 گھنٹے کے دوران اس درجہ تک پہنچنے میں کامیاب ہو جائیں گے۔



## AVU کہاں منعقد کی جاتی ہے؟

یہ تعلیم عام طور پر VUC تعلیم بالغاں کے مرکز میں منعقد ہوتی ہے، تاہم دیگر مقامات پر بھی تعلیم دی جا سکتی ہے مثلاً آپ کی مقامی 3F برانچ میں۔

## معیشت

آپ کے لئے یہ تعلیم مفت ہے اور اگر آپ شرائط پر پورے اُترتے ہیں تو آپ تعلیم بالغاں کی سرکاری معاشی معاونت ایس وی اُو (SVU) حاصل کر سکتے ہیں۔ کورس کے آغاز سے پہلے SVU کے لیے درخواست دینا ضروری ہے۔

اگر AVU کی تعلیم آپ کے کام کے اوقات میں دی جاتی ہے تو 2017 میں آپ کو 679,20 کرونز یومیہ / 3.396 فی ہفتہ الاؤنس ملے گا۔


AVU کے ڈینش زبان کے کورسز میں شرکاء ادائیگی کرتے ہیں۔

جو کہ 2017 میں 120 کرونز فی کورس ہے۔



**تارکین وطن کے لیے AVU ڈینش زبان کے کورسز کے اگلے درجات ہیں:**

- سطح G، جو فولکے سکول کی ڈینش زبان میں کلاس 9 کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔
- سطح F، جوڈینش زبان کی دستی کام و کاروباری تعلیم کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے، بنیادی مضمون F ہوتا ہے
- سطح E، جو فولکے سکول کی ڈینش زبان میں کلاس 10 کے ساتھ مطابقت رکھتا ہے۔
- درجہ Dجو دستی کام و کاروباری ڈینش کے درجہ بنیادی مضمون D کے برابر ہے یہ گمنیزیم یا HF میں اعلیٰ ترین درجہ ہے۔



| | INTRO | DANSK | FVU |
|---|---|---|---|
| | بازارِ روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم (تعارفی ڈینش) | ڈینش زبان کی تعلیم | FVU آغاز |
| ٹارگٹ گروپ | آپ کے لئے جو:<br>• نئے آنے والے غیر ملکی بالغ کارکنان<br>• شریک حیات<br>• EU (یورپی یونین) باقاعدگی سے سرحد کے آرپار سفر کرنے والے باشندے<br>آپ ڈیڑھ سال تک بازار روزگار سے متعلقہ ڈینش زبان کی تعلیم حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ | آپ کے لیے جو:<br>• نئے آنے والے پناہ گزین<br>• خاندان کے ساتھ یکجا ہونے والے جن کے پاس رہائشی اجازت نامہ اور سی پی آر نمبر ہوں۔<br>آپ پانچ سال تک ڈینش زبان کی تعلیم حاصل کرنے کے حقدار ہیں۔ | آپ کے لئے جو:<br>• کچھ سالوں سے ڈنمارک میں مقیم ہیں اور ملازمت کررہے ہیں اور FVU دو لسّانوں کی تعلیم لینے سے پہلے اپنی ڈینش زبان کی صلاحیتوں کو بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ |
| داخلے کی شرائط | اس کورس کو شروع کرنے کے لیے ڈینش زبان کی کوئی صلاحیتیں درکار نہیں ہیں۔ | اس کورس کو شروع کرنے کے لیے ڈینش زبان کی کوئی صلاحیتیں درکار نہیں ہیں۔ | جب آپ شروع کرتے ہیں تو ڈینش زبان کی قدرے مہارت درکار ہوتی ہے۔ |
| ترتیب | یہ تعلیم 50 اسباق کے پانچ دورانیوں میں ترتیب دی جاتی ہے۔ یہ تعلیم عام طور پر دن، شام یا ویک اینڈ کے دوران زبان کے مرکز میں دی جاتی ہے۔ تاہم کام کی جگہ پر یا مقامی 3F برانچ میں بھی تعلیم دی جاسکتی ہے۔ اس تعلیم کے اختتام پر ایک ٹیسٹ ہو گا۔ | ہر ہفتے 6 اور 15 کے درمیان سبق ہوتے ہیں ۔ یہ تعلیم عام طور پر دن، شام یا ویک اینڈ کے دوران زبان کے مرکز میں دی جاتی ہے۔ اس کلاس کے اختتام پر ایک ٹیسٹ دینے کا موقع ہوتا ہے اور سند حاصل کی جا سکتی ہے۔ | اس کورس کا دورانیہ 30 سے 60اسباق پہ مشتمل ہوتا ہے ہر سبق 60 منٹ کا ہوتا ہے۔ یہ تعلیم عام طور تعلیم بالغاں کے مرکز VUC میں دی جاتی ہے۔<br>یہ ممکن ہے کہ ایک FVU ٹیسٹ کے ساتھ اس دورانیہ کا اختتام کیاجائے اور ایک سندحاصل کی جائے۔ امتحان میں کامیابی آپ کے لئے FUV میں دو لسّان درجہ 1 میں پڑھائی جاری رکھنے کا رستہ ہموار کرتی ہے |
| معیشت | آپ کے رہائشی علاقہ کی بلدیہ کا جاب سنٹر یا جہاں پر آپ کام کرتے ہیں اُس مقام کی بلدیہ میں واقع جاب سینٹر اس تعلیم کی ادائیگی کرے گا۔<br>آپ مروجہ ضوابط کے مطابق SVU کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ | آپ کے رہائشی علاقہ کی بلدیہ کا جاب سنٹر یا جہاں پر آپ کام کرتے ہیں اُس مقام کی بلدیہ میں واقع جاب سینٹر اس تعلیم کی ادائیگی کرے گا۔<br>آپ مروجہ ضوابط کے مطابق SVU کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ | یہ تعلیم مفت ہے ۔ آپ مروجہ ضوابط کے تحت SVU کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ |

| AVU | AMU | FVU |
|---|---|---|
| اے وی یُو **AVU** – ڈینش بطور دوسری زبان | **AMU**- پناہ گزینوں اور تارکین وطن کے لیے ڈینش بطور دوسری زبان | دو لسّانوں کے لیے **FVU** پڑھائی |
| AVU ڈینش بطور دوسری زبان آپ کے لئے ہے جنہوں نے ڈینش تعلیم 2 یا ڈینش زبان سے اسی قبیل کی جان پہچان استوار کر لی ہو۔ | آپ کے لیے جو:<br>• تربیت یافتہ یا غیر تربیت یافتہ افراد جو پہلے سے ڈینش زبان میں ابتدائی سطح کی صلاحیت کے حامل ہوں | آپ کے لیے جو:<br>• کچھ سالوں سے ڈنمارک میں رہ رہے ہیں اور ملازمت کررہے ہیں لیکن ابھی اتنی زیادہ ڈینش زبان نہیں سیکھی کہ ڈینش زبان کی کلاسوں کے مرحلہ 1 کو ختم کرنے کے قابل ہوں۔ |
| ڈینش زبان کی تعلیم کے کم از کم مرحلہ 2 کے برابر کی ڈینش زبان کی مہارت ۔ | ڈینش زبان کی تعلیم کے کم از کم مرحلہ 1 کے برابر کی ڈینش زبان کی صلاحیتیں۔ | جب آپ شروع کرتے ہیں تو ڈینش زبان کی قدرے مہارت درکار ہوتی ہے۔ |
| یہ تعلیم VUC تعلیم بالغاں کے مرکز میں دی جاتی ہے۔<br>یہ ممکن ہے کہ ایک ایسے ٹیسٹ کے ساتھ اس کورس کا انجام کیاجائے جو فولکے سکول کے اختتامی امتحان کے ساتھ مطابقت رکھتا ہو اس کے بعد AVU درجات حاصل کیے جائیں۔ | یہ کورس تین سطحوں میں پیش کیا جاتا ہے -بنیادی عمومی اور اضافی سطح ۔ کم از کم تین ہفتوں کے لیے دن، شام یا ویک اینڈ میں یا تو AMU سینٹر میں یا آپ کے کام کی جگہ پر یہ تعلیم دی جاتی ہے ۔<br>یہ کورس ایک جداگانہ ڈینش کورس کے طورپر مکمل کیا جاسکتا ہے یا پیشہ ورانہ AMU کورسز کے ساتھ ڈینش زبان کی تعلیم کو ملا کر بھی کیا جاسکتا ہے۔ | اس تعلیم کا دورانیہ 60 تا 80 کے درمیان اسباق پہ مشتمل ہے ۔ ہر سبق 45 منٹوں کا ہوتا ہے۔<br>یہ تعلیم عام طورپہ تعلیم بالغاں کے مرکز VUC میں دی جاتی ہے۔<br>یہ ممکن ہے کہ اس دورانیہ کا اختتام ایک FVU ٹیسٹ کے ساتھ کیا جائے اور ایک سند حاصل کی جائے۔ |
| 2017 کے لیے ٹیوشن فیس 120 ڈینش کرونز فی کورس ہے۔<br>آپ مروجہ ضوابط کے تحت SVU کی درخواست دے سکتے ہیں۔ | 2017 کے لیے ٹیوشن فیس 184 ڈینش کرونز روزانہ / 920 ڈینش کرونز فی ہفتہ ہے۔<br>آپ مروجہ ضوابط کے تحت VEU الاؤنس کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔ | تعلیم مفت دی جاتی ہے۔<br>آپ مروجہ ضوابط کے تحت SVU کی درخواست دے سکتے ہیں۔ |

مجلس ادارت: کرسچئن البیک حینسن Christian Albæk Hansen
میتے لُنڈئیر Mette Lundager اور
سوزینے وِنڈ Susanne Wind تھری ایف 3F
ترتیب:
فلیمنگ گاآرن نیلسن Flemming Gaarn Nielsen ، تھری ایف 3F
مزید معلومات کے لیے مندرجہ ذیل سے رابطہ کریں:
اینٹونی سلویسٹر Anthony Sylvester anthony.sylvester@3f.dk پر
یا سوزینے ونڈ Susanne Wind susanne.wind@3f.dk پر
شائع کردہ: 3F AUI- بازارِ روزگار ، تعلیم و تربیت اور انٹیگریشن
Kampmannsgade 4, 1790 København V
جنوری 2017
آئٹم نمبر: 6104-8